**Series : OSS/1**

کوڈ نمبر
Code No. **251/1/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **32** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer script during this period.

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں 7 چھپے ہوئے صفحات ہیں۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر آپکو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لِکھنا ہوگا۔
- آپ جانچ لیجئے کہ پرچہ میں دیٔے گئے سوالات کی تعداد 32 ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لِکھنا شروع کرنے سے پہلے پرچہ کے مطابق اُسکا سلسلہ نمبر اپنی جواب کاپی میں ضرور لکھ دیں۔**
- آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ پر طالب علموں میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلبا فقط سوالوں کو پڑھ سکتے ہیں۔ اِس دوران وہ جواب کاپی میں کچھ لِکھ نہیں سکتے۔

# ECONOMICS

# معاشیات

*Time allowed : 3 hours]* *[Maximum marks : 100*

مقرّرہ وقت : 3 گھنٹے　　　　گُل نمبر : 100

**عام ہدایات :**

(i) دونوں سیکشنوں کے سبھی سوالات لازمی قِسم کے ہیں۔

(ii) ہر سوال کے لئے مخصوص نمبر اُس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سِلسِلہ نمبر **1** سے **5** اور **17** سے **21** تک کے سوال بہت چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک، **1** نمبر کا ہے۔ اِن میں سے ہر ایک کا جواب **ایک فقرہ** کی حد تک ہوگا۔

(iv) سِلسِلہ نمبر 6 سے 10 اور 22 سے 26 تک کے سوال چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک، 3 نمبروں کا ہے اور اس کا جواب 60 الفاظ فی جواب کی حد تک ہوسکتا ہے۔

(v) سِلسِلہ نمبر 11 سے 13 اور 27 سے 29 تک کے سوال لمبے جوابوں والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک سوال 4 نمبروں کا ہے اور اس کا جواب 70 الفاظ فی جواب کی حد تک ہوسکتا ہے۔

(vi) سِلسِلہ نمبر 14 سے 16 اور 30 سے 32 تک کے سوال لمبے جوابوں والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک 6 نمبروں کا ہے اور اس کا جواب 100 الفاظ فی جواب تک ہوسکتا ہے۔

(vii) آپ کے جواب مضمون سوال کے مطابق اور مختصر ہونے چاہئیں۔ جہاں تک ممکن ہو جوابوں کو اوپر سُجھائی گئی الفاظی حدود میں لکھیے۔

## سیکشن - A

1. خطِ بے نیازی اصطلاح کی تعریف لکھیے۔ 1

2. اُس خصوصیت کا نام بتایئے جو اجارہ دارانہ مقابلہ کو مکمل مقابلہ سے مختلف بناتی ہے۔ 1

3. پانی کے لئے مانگ کیوں غیر لچیلی ہوتی ہے؟ 1

4. چند اجارہ داری (oligopoly) کی **ایک** خصوصیت بیان کیجئے۔ 1

5. بازار کی کِس شکل میں کِسی فرم کا خطِ طلب مکمل لچیلا ہوتا ہے؟ 1

6. کسی شے کی 'مانگ میں اِضافہ' اور 'اُسکی کوالٹی میں اضافہ' میں فرق کیجئے۔ 3

7. افادہ فہرست (Utility schedule) کی مدد سے گھٹتی حاشیائی افادیت کے قانون کی وضاحت کیجئے۔ 3

**یا**

اشیا X اور Y ایک دوسرے کا بدل ہیں۔ Y کی قیمت میں گراوٹ کا X کی مانگ پر اثر واضح کیجئے۔

8. ایک شے A کی 5 روپیہ فی اکائی قیمت پر کل محاصل 800 روپیہ ہے۔ جب اِس کی قیمت میں 20 فی صد کا اضافہ ہوگا تو کل محاصل 400 روپیہ بڑھ جائیگا۔ اِس کی سپلائی کی قیمت لچک محسُوب کیجئے۔ 3

9. مکمل مقابلہ کی صورت میں فرموں کو داخلے اور علیحدگی کی آزادی کے اثر کو واضح کیجئے۔ 3

10. ذیلی جدول میں ایک فرم کی لاگت فہرست (Cost schedule) درج ہے۔ جب یہ 3 اِکائیاں پیدا کرتی ہے تو اسکی اوسط مستقل لاگت 20 روپیہ ہوتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پیداوار (اکائیاں) | 1 | 2 | 3 |
| اوسط متغیرہ لاگت (روپیہ) | 30 | 28 | 32 |

دئے گئے ہر پیداواری لیول پر فرم کی حاشیائی لاگت اور اوسط کل لاگت محسُوب کیجئے۔ 3

11. ''کیا بنایا جائے'' کے مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔ 4

یا

مرکزی منصوبہ بند معیشت کی کوئی دو اہم خصوصیات سمجھائیے۔

12. جب ایک شے کی قیمت 2 روپیہ فی اکائی سے کم ہو جاتی ہے تو اس کی مانگ کی مقدار میں 10 اکائیوں کا اِضافہ ہو جاتا ہے۔ اِس کی مانگ کی قیمت لچک منفی 1 (–) ہے۔ 10 روپیہ فی اکائی کی تبدیلی سے پہلے کی قیمت پر اِس کی مانگ کی مقدار محسُوب کیجئے۔ 4

13. ایک 'نارمل' شے کے خریداروں کی آمدنی میں اضافہ کا شے کی توازنی قیمت پر اثر واضح کیجئے۔ 4

14. بے نیازی خطوں کے طریقہ سے صارفی توازن کی شرائط واضح کیجئے۔ 6

15. بتایئے کہ مندرجہ ذیل بیان صحیح ہیں یا غلط۔ اپنے جوابات کے لئے وجوہات لکھئے : 6

(a) جب کل محاصل مستقل ہوگا تو اوسط محاصل بھی مستقل ہوگا۔

(b) جب حاشیائی لاگت بڑھ رہی ہوتی ہے تو بھی اوسط متغیرہ لاگت گھٹ سکتی ہے۔

(c) جب حاشیائی پیداوار گھٹتی ہے تو اوسط پیداوار بھی گھٹیگی۔

16. کُل پیداوار اور حاشیائی پیداوار خطوں کی مدد سے متغیرہ نسبتوں کے قانون کی وضاحت کیجئے۔ 6

یا

حاشیائی لاگت اور حاشیائی محاصل فہرست کی مدد سے پیداکار کے توازن کو واضح کیجئے۔

**نوٹ : سوال نمبر 16 کے عوض میں مندرجہ ذیل سوال فقط نابینا طلبا کے لئے ہے :**

کل اور حاشیائی پیداواری فہرست کی مدد سے متغیرہ نسبتوں کے قانون کی وضاحت کیجئے۔ 6

یا

حاشیائی لاگت اور حاشیائی محاصل فہرست کی مدد سے پیداکار کے توازن کی وضاحت کیجئے۔

## سیکشن – B

17. زر سپلائی کے عناصروں کو بیان کیجئے۔ 1

18. تعمیلی-مخالف بچتوں (Ex-Ante Savings) کے معنی بیان کیجئے۔ 1

19. ابتدائی گھاٹے کو کیسے محسوب کرتے ہیں ؟ 1

20. تقلیلی خلا (Deflationary Gap) کے معنی لکھئے۔ 1

21. زرِ مبادلہ (Foreign exchange) کے دو وسیلے لکھئے۔ 1

22. سمجھائیے کہ کس طرح کُل گھریلو پیداوار کی بانٹ اُسکے معاشی مفاد کا ماپ ہونے کو محدُود کرتی ہے۔ 3

یا

اشیا کو درمیانی اور آخری اشیا میں درجہ بند کرنے کے معیار (basis) کی وضاحت کیجئے۔ موزوں مثالیں دیجئے۔

23. مرکزی بینک کے 'آخری قرض دہندہ' کے کردار کی وضاحت کیجئے۔ 3

24. کسی معیشت میں آمدنی کی بانٹ کو بدلنے میں سرکاری بجٹ کس طرح مددگار ہو سکتا ہے؟ واضح کیجئے۔ 3

25. ادائیگی توازن میں گھاٹے کے معنی سمجھائیے۔ 3

26. داخلی کرنسی کی قدر میں کمی اور فرسودگی (Devaluation and Depreciation) میں فرق واضح کیجئے۔ 3

27. کمرشیل بینکوں کے زرتخلیق (Money creation) کے کام کی وضاحت کیجئے۔ 4

یا

بینک شرح میں تبدیلیاں کمرشیل بینکوں کے زرتخلیق کام کو کس طرح اثر انداز کرتی ہیں؟ سمجھائیے۔

28. لکھئے کہ ذیلی بیان صحیح ہیں یا غلط۔ اپنے جواب کے لئے وجوہات بیان کیجئے: 4

(a) جب صرف کرنے کی حاشیائی قابلیت بچت کرنے کی حاشیائی قابلیت سے زیادہ ہوگی تو اصل کاری ضارب کی قدر 5 سے زیادہ ہوگی۔

(b) بچت کرنے کی حاشیائی قابلیت کی قدر کبھی بھی منفی نہیں ہو سکتی۔

29. فرق کیجئے : 4

(a) اصل سے حاصل اور محاصل سے حاصل میں

(b) بلاواسطہ ٹیکس اور بالواسطہ ٹیکس میں۔

30. ہندوستان کی قومی آمدنی کا اندازہ لگانے کے لئے آپ مندرجہ ذیل کا کیسے استعمال کرینگے ؟ 6

(a) ایک ہندوستانی کا کسی بیرونی کمپنی سے شیئروں میں اپنی اصل کاری پر حاصل کردہ مقسوم۔

(b) ہندوستان میں رہائش رکھنے والی کسی فیملی کا باہر ملکوں میں کام کر رہے اپنے رشتہ داروں سے حاصل کردہ زر۔

(c) کسی دوست کو موٹرکار خریدنے کے لئے دئے گئے قرض پر حاصل سُود۔

31. ذیلی اعداد و شمار کی بنا پر محسُوب کیجئے : 6

(a) عامل لاگت پر کُل داخلی پیداوار، اور

(b) دساور کو عاملی آمدنی۔

| | | |
|---|---|---|
| | | (روپیہ 000 کروڑ میں) |
| (i) | ملازمین کو تلافی | 800 |
| (ii) | نفعات | 200 |
| (iii) | مقسُوم | 50 |
| (iv) | بازار بھاؤ پر کُل قومی پیداوار | 1,400 |
| (v) | کرایہ | 150 |
| (vi) | سُود | 100 |
| (vii) | کُل داخلی اصل کی ساخت | 300 |
| (viii) | خالص مستقل اصل کی ساخت | 200 |
| (ix) | اسٹاک میں تبدیلی | 50 |
| (x) | دساور سے عامل آمدنی | 60 |
| (xi) | خالص بالواسطہ (indirect) ٹیکس | 120 |

یا

ذیلی اعداد وشمار سے عامل لاگت پر خالص قومی پیداوار اور کُل قومی قابلِ صرف آمدنی محسوب کیجئے :

| | | |
|---|---|---|
| | | (روپیہ کروڑ میں) |
| (i) | غیر محکمی اداروں کی بچت | 50 |
| (ii) | سرکاری انتظامی محکموں کو جائداد اور کاراندازیت سے آمدنی | 70 |
| (iii) | ذاتی ٹیکس | 90 |
| (iv) | نیشنل قرض پر سود | 20 |
| (v) | پرائی ویٹ کارپوریٹ سیکٹر کی روکی کمائی | 10 |
| (vi) | سرکار کی ادا کردہ چالُو منتقل ادائیگیاں | 40 |
| (vii) | مستقل اصل کا صرف | 60 |
| (viii) | کارپوریشن ٹیکس | 30 |
| (ix) | خالص بالواسطہ (indirect) ٹیکس | 80 |
| (x) | باقی دنیا سے خالص چالُو منتقِلہ | (–) 10 |
| (xi) | ذاتی قابلِ صرف آمدنی | 1,000 |

32. ایک معیشت میں آمدنی کی بڑھوتری کا 75 فی صد صرف پر خرچ کر دیا جاتا ہے، اصل کاری کو 1,000 کروڑ روپیہ سے بڑھا دیا گیا ہے۔ محسُوب کیجئے : 6

(a) آمدنی میں کُل اضافہ، اور

(b) صارفی خرچ میں کُل اضافہ۔